جماعت چہارم

اسلامیات



فہرست

باب اول

حفظ و ناظرہ

۱۔	قرآنی سورتیں	
	(سورۃ الفیل)	۵
	(سورۃ قریش)	۶
	(سورۃ الکفرون)	۷
۲۔	مسنون دعائیں	۸
۳۔	منتخب احادیث	۱۱

باب دوم

ایمانیات و عبادات

۴۔	ایمان کے اجزاء	۱۴
۵۔	اللہ تعالیٰ کے حقوق	۱۵
۶۔	حقوق العباد	۱۷
۷۔	ارکانِ اسلام	۲۱
۸۔	نماز کی اہمیت	۲۵

باب سوم

تاریخِ اسلام

۹۔	غارِ حرا (پہلی وحی کا نزول)	۲۹
۱۰۔	دعوت اسلام	۳۳
۱۱۔	ہجرت حبشہ	۳۷
۱۲۔	شعب ابی طالب	۴۵
۱۳۔	واقعہ معراج	۴۹
۱۴۔	ہجرت مدینہ	۵۲
۱۵۔	حضرت موسیٰ علیہ السلام	۵۵

باب چہارم

آداب و اخلاق

۱۶۔	ایمانداری	۶۰
۱۷۔	سادگی	۶۲

سورة الفیل

قرآنی سورتیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصۡحٰبِ الۡفِیۡلِ ؕ﴿۱﴾
اَلَمۡ یَجۡعَلۡ کَیۡدَہُمۡ فِیۡ تَضۡلِیۡلٍ ۙ﴿۲﴾ وَّ اَرۡسَلَ عَلَیۡہِمۡ
طَیۡرًا اَبَابِیۡلَ ۙ﴿۳﴾ تَرۡمِیۡہِمۡ بِحِجَارَۃٍ مِّنۡ سِجِّیۡلٍ ۪ۙ﴿۴﴾
فَجَعَلَہُمۡ کَعَصۡفٍ مَّاۡکُوۡلٍ ﴿۵﴾

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رَب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟ کیا ہم نے اُن کی چال کو بے کار نہیں کر دیا؟ اور اُن پر پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ بھیجے جو انھیں پتھر کی کنکریاں مار رہے تھے۔ اور اللہ نے انھیں کھائے ہوئے بھوسے کی طرح کر دیا۔

ہدایات برائے اساتذہ/والدین: سورۃ الفیل بچوں کو درست تلفظ اور ترجمہ کے ساتھ پڑھائیں اور زبانی یاد کروائیں۔

مسنون دعائیں

دنیا اور آخرت کی بھلائی کی دعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں جہنم کی آگ سے بچا۔

صبح اور شام کی ایک خاص دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

ترجمہ: اللہ کے نام سے (ہم نے صبح کی/شام کی) جس کے نام کے ساتھ آسمان اور زمین میں کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

ہدایات برائے اساتذہ/والدین: بچوں کو مذکورہ بالا دعائیں زبانی یاد کروائیں اور پچھلی جماعتوں میں پڑھی ہوئی دعاؤں کی یاددہانی بھی کروائیں تاکہ روزمرہ زندگی کے معمولات میں بچے ان دعاؤں کے پڑھنے کا اہتمام کریں۔

منتخب احادیث

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

جو شخص میری امت کے فائدے کے واسطے دین کے کام کی چالیس حدیثیں سنا دے گا اور حفظ کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن عالموں اور شہیدوں کی جماعت میں اٹھائے گا اور فرمائے گا جس دروازے سے چاہو جنت میں داخل ہو جاؤ۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس بیان سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ حدیث کا پڑھنا اور اس کو یاد کرنا کتنی فضیلت والا کام ہے، تو آیئے ہم بھی کچھ حدیثیں (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان) پڑھتے اور انھیں یاد بھی کرتے ہیں۔

منتخب احادیث

اَحَبُّ الْبِلَادِ اِلَی اللّٰہِ مَسَاجِدُھَا

ترجمہ: اللہ کے نزدیک سب سے محبوب جگہ مساجد ہیں۔

اِذَا لَمْ تَسْتَحْیِ فَاصْنَعْ مَاشِئْتَ

ترجمہ: جب تم حیا نہ کرو تو جو چاہو کرو۔

(یعنی جب کسی انسان میں شرم و حیا ہی نہ رہیں تو ساری برائیاں اس کے لیے برابر ہیں)

حقوق العباد

حقوق العباد سے مراد یہ ہے کہ انسان کو اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق دوسروں کے ساتھ کس طرح پیش آنا چاہیے۔

حقوق اللہ کا تعلق براہ راست اللہ سے ہے، جبکہ حقوق العباد کا تعلق بندوں کے حقوق سے ہے۔

اسلام میں حقوق العباد ادا کرنے پر بہت زور دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حقوق کی ادائیگی میں کمی پر تو کسی طور سے معاف فرما سکتا ہے لیکن حقوق العباد میں کی گئی کوتاہی کو اللہ تعالیٰ اس وقت تک معاف نہیں فرماتا جب تک بندے خود معاف نہ کر دیں۔

حقوق العباد میں والدین، اولاد، رشتہ دار، پڑوسیوں، غریبوں، دوستوں، مہمانوں کے حقوق شامل ہیں۔ ان تمام حقوق کا ادا کرنا ہمارا فرض ہے۔

حقوق العباد

والدین کے حقوق:

والدین کا حق یہ ہے کہ ہم ان کی ہر جائز بات کو مانیں، ان کی خدمت کریں، ان کی تمام ضروریات کا خیال رکھیں، ان کا ادب احترام کریں۔ اگر وہ بوڑھے ہو جائیں تو ان کا خاص خیال رکھیں ان کے سامنے اونچی آواز میں بات نہ کریں۔ اگر والدین میں سے کسی ایک یا دونوں کا انتقال ہو جائے تو ان کے لیے دعائے مغفرت کرتے رہیں اور ان کو نوافل وصدقات کا ثواب پہنچاتے رہیں۔

حقوق العباد

غریبوں کے حقوق:

غریبوں کا حق یہ ہے کہ اپنی استطاعت کے مطابق ان کی ضروریات کا خیال رکھا جائے۔ ان کی مالی مدد کی جائے۔ ان کے ساتھ محبت اور شفقت سے پیش آنا چاہیے۔

مہمانوں کے حقوق:

مہمان کا حق یہ ہے کہ اسے عزت دی جائے۔ ان کو اچھا کھانا کھلایا جائے۔ ان کا ہر طرح سے خیال رکھا جائے۔ مہمان کو کبھی بھی بوجھ نہیں سمجھنا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حقوق العباد کی بہترین طریقے سے ادائیگی کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

ہدایات برائے اساتذہ/والدین: حقوق العباد کی اہمیت کے بارے میں بچوں کو مزید بتائیں۔ حقوق العباد کی ادائیگی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے یہ ان پر واضح کریں۔